مرتبہ . . . . حضرت مولانا محمد ابراہیم میر سیالکوٹی
ضخامت . . . . ۸۰ صفحات
ھدیہ . . . . اشاعت فنڈ
ناشر . . . . . . مہتمم دار الحدیث قدسیہ محلہ مسجد توحید گنج منڈی بہاؤالدین ضلع گجرات

زیر نظر کتاب دراصل پنجسورہ (سورۂ الٓمٓ سجدہ، یٰسٓ، ملک، نوح اور سورہ مزمل مع ترجمہ وتفسیر، فضائل ومسائل نیز اسماء حسنیٰ الٰہیہ مع ترجمہ و دیگر اذکار مسنونہ کا مجموعہ ہے۔ جو ثنائی پریس امرتسر سے ۱۳۶۵ھ (مطابق ۱۹۴۶ء) میں پہلی بار شائع ہوئی تھی۔ اس کے بعد اب یہ دوسری اشاعت ہے، سفید کاغذ، کتابت وطباعت عمدہ اور مجلد ہے۔ شائقین حضرات مناسب ہدیہ برائے اشاعت فنڈ روانہ فرما کر مندرجہ بالا پتہ سے طلب کر سکتے ہیں۔

(۳)

نام کتاب . . . . دیوبندی خطبۂ صدارت پر تبصرہ
مصنفہ . . . . مولوی محمد شفیع صاحب اعظمی
مرتبہ . . . . مولانا صوفی احمد الدین حنیف صاحب
ضخامت . . . . . ۶۴ صفحات۔ ھدیہ اشاعت فنڈ ۔ آٹھ روپے
ناشر . . . محمدی اکیڈیمی ناشران اسلامی کتب محلہ توحید گنج منڈی بہاؤالدین ضلع گجرات

۲۶-۲۷-۲۸ ربیع الاول ۱۳۶۲ھ کو الٰہ آباد کے مشہور قصبہ مئو ائمہ میں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کا ۲۳ واں جلسہ منعقد ہوا تھا۔ جس میں علماء اہل حدیث نے مختلف موضوعات پر شستہ اور علمی تقریریں کیں جن کو سن کر ہر فرقہ کے لوگوں کی زبانوں سے کلمات تحسین وتعریف بے ساختہ نکلے، لیکن بعض دیوبندی حضرات کو یہ بات گراں گزری اور انہوں نے جھٹ ایک آل انڈیا احناف کانفرنس تشکیل دے ڈالی۔ زیر نظر کتاب اسی کانفرنس کے خطبۂ صدارت پر تبصرہ ہے جو پڑھنے سے تعلق رکھتا ہے، اور جو ردِّ تقلید اور حجیتِ حدیث کے موضوع پر گراں قدر معلومات کا حامل ہے۔ سفید کاغذ کتابت طباعت عمدہ ہے۔ مولانا صوفی احمد دین حنیف صاحب ماشاءاللہ ایک بے لوث، مخلص، مبلغ دین ہیں۔ جنہوں نے متعدد کتب، رسالے، پمفلٹ وغیرہ (جن میں سے اکثر ان کے اپنے تصنیف وتالیف شدہ ہیں) شائع کیے ہیں۔ دعا ہے اللہ تعالیٰ مولانا کو اس کار خیر کی مزید توفیق بخشے اور ان کی ان مساعی جمیلہ کو مسلمانوں کے لیے مفید اور بار آور بنائے۔ آمین!